نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

صوبائی وزیر زراعت پنجاب ایس ایم تنویر کی زیر صدارت پنجاب ایگریکلچر سٹریٹیجک پلان (2024-34) کے تیسرے مشاورتی اجلاس کا زراعت ہاؤس لاہور میں انعقاد۔

نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی ہدایات پر تیار ہونے والا یہ پلان زرعی ترقی کیلئے گیم چینجر ثابت ہوگا۔ صوبائی وزیر زراعت ،صنعت وتوانائی پنجاب ایس ایم تنویر

پنجاب ایگریکلچر سٹریٹیجک پلان پر عملدرآمد سے زرعی ریسرچ میں بہتری اور فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوگا۔ سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ

لاہور:16جنوری2024( ) نگران صوبائی وزیر زراعت،صنعت وتوانائی ایس ایم تنویر کی زیر صدارت پنجاب ایگریکلچر سٹریٹیجک پلان کے (2024-34) تیسرے اجلاس کا زراعت ہاؤس لاہور میں انعقاد ہوا۔صوبائی وزیر زراعت پنجاب ایس ایم تنویر نے اجلاس میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ پنجاب ایگریکلچر سٹریٹیجک پلان صوبہ کی زرعی ترقی کیلئے مکمل گیم چینجر ثابت ہوگا۔یہ پلان نگران وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی کی ہدایات پر تیار کیا گیا ہے جس سے پانی کے وسائل میں بہتری، زرعی تحقیق کیلئے ریفارمز اور مارکیٹ وزرعی شعبہ سے متعلقہ انڈسٹری کے نظام میں بہتری اور جدت لانے کی تجاویز شامل ہیں جن کو تمام اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت سے منظوری کیلئے صوبائی کابینہ کو ارسال کیا جائے گا۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ،سیکرٹری زراعت جنوبی پنجاب ثاقب علی عطیل، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ کیپٹن (ر) وقاص رشید، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب محمد شبیر احمد خان، وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی فیصل آباد ورانا اقرار احمد خان، چیف سائنٹسٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد ڈاکٹر محمد اختر، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر اشتیاق حسن، ڈائریکٹر جنرل زراعت فیلڈ احمد سہیل، چیف ایگزیکٹو پارب ڈاکٹر عابد محمود، ممبر پلاننگ زراعت جاوید اسلم، کنسلٹنٹ شعبہ زراعت توسیع ڈاکٹر محمد انجم علی، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں سمیت دیگر اعلیٰ افسران ترقی پسند کاشتکاروں و دیگر اسٹیک ہولڈرز نے شرکت کی۔اس موقع پر 14 ورکنگ گروپس کی سفارشات کی روشنی میں پنجاب ایگریکلچر سٹریٹیجک پلان سے متعلق وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی فیصل آباد ڈاکٹر اقرار احمد خان نے شرکاء کو بریف کیا گیا۔اس موقع پر صوبائی وزیر زراعت ایس ایم تنویر نے کہ سیکرٹری زراعت پنجاب اور اُن کی ٹیم کو زرعی ترقی کیلئے ایک جامع پلان تیار کرنے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ اس پلان کی تیاری کیلئے سیکرٹری زراعت پنجاب سخت محنت کر رہے ہیں ۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نادر چٹھہ نے کہا کہ زرعی شعبہ میں صرف اور صرف سرمایہ کاری سے بہتری لائی جا سکتی ہے۔پلان بنانے کا مقصد زمین اور پانی کے وسائل کا بہترین استعمال کرنا ہے تاکہ فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ کیا جا سکے۔اس پلان پر عملدرآمد سے ریسرچ ریفارمز کے تحت تحقیقی سرگرمیوں میں جدت آئے گی ۔اس کے علاوہ ایگروایکالوجیکل زونز کے مطابق زرعی سرگرمیوں کو فروغ دیا جائے گا۔پلان پر عملدرآمد سے اہم فصلات کو ہونے والے 10 تا 15 فیصد پوسٹ ہارویسٹ نقصانات سے بچایا جا سکے گا ۔اجلاس میں تمام اسٹیک ہولڈرز نے زراعت کے شعبہ کو درپیش چیلنجز اور اُن کے مسائل کے حل کے لئے اپنے تجربات شئیر کئے اور پنجاب ایگریکلچر سٹریٹیجک پلان 34-2024 کی سفارشات کو حتمی شکل دینے کیلئے عملی اقدامات اٹھائے۔

☆☆☆☆